## کراچی کے علاقے پاپوش نگر میں بم دھماکے پر ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کا اظہار مذمت، زخمیوں سے اظہار ہمدردی

## عوام کی جان و مال کے تحفظ اور ماتمی جلوسوں کی حفاظت کیلئے ٹھوس اور فول پروف اقدامات کئے جائیں۔ الطاف حسین

## عوام مکمل طور پر پرامن رہیں، محرم الحرام کے موقع پر ماتمی جلوسوں، اپنے اپنے علاقوں اور بازاروں میں مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھیں اور قیام امن کے سلسلے میں پولیس وانتظامیہ سے مکمل تعاون کریں۔ الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔26، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی کے علاقے پاپوش نگر میں بم دھماکے کی شدید مذمت کی ہے اور دھماکے میں زخمی ہونے والی خواتین، بچوں اور سرکاری اہلکاروں سمیت تمام افراد سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ محرم الحرام کے موقع پر دہشت گردوں کی جانب سے کراچی میں بم دھماکہ شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ جناب الطاف حسین نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور حکومت سندھ سے مطالبہ کیا کہ شہر میں امن برقرار رکھنے، عوام کی جان و مال کے تحفظ اور محرم الحرام کے سلسلے میں شہر میں نکالے جانے والے ماتمی جلوسوں کی حفاظت کیلئے ٹھوس اور فول پروف اقدامات کئے جائیں۔ جناب الطاف حسین نے کراچی کے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ وہ اس واقعہ پر مکمل طور پر پرامن رہیں، چوکس رہیں، محرم الحرام کے موقع پر ماتمی جلوسوں، اپنے اپنے علاقوں اور بازاروں میں مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھیں اور قیام امن کے سلسلے میں پولیس وانتظامیہ سے مکمل تعاون کریں۔

## محترمہ بینظیر بھٹو، شہید جمہوریت ہیں، پاکستان کے استحکام، جمہوریت کی بقاء اور عوام کیلئے ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ الطاف حسین

## محترمہ بینظیر بھٹو شہید نے پوری زندگی جمہوریت کی بحالی اور فروغ کیلئے جدوجہد کی اور بالآخر اپنی جان بھی جمہوریت کیلئے قربان کردی

## بینظیر بھٹو شہید اپنے کارکنوں اور چاہنے والوں کے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہیں گی۔ محترمہ بینظیر بھٹو کو الطاف حسین کا خراج عقیدت

## محترمہ بینظیر بھٹو شہید کی دوسری برسی پر صدر آصف زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، بلاول بھٹو زرداری، بختاور بھٹو زرداری، آصفہ بھٹو زرداری، بھٹو خاندان کے تمام افراد اور پیپلز پارٹی کے تمام رہنماؤں اور کارکنوں سے الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔26 دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پیپلز پارٹی کی شہید چیئرپرسن محترمہ بینظیر بھٹو کی دوسری برسی کے موقع پر اپنے ایک بیان میں شہید رہنما کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ محترمہ بینظیر بھٹو شہید نے پوری زندگی پاکستان میں جمہوریت کی بحالی اور فروغ کیلئے جدوجہد کی اور بالآخر اپنی جان بھی ملک میں جمہوریت کیلئے قربان کردی۔ محترمہ بینظیر بھٹو، شہید جمہوریت ہیں اورانہوں نے پاکستان کے استحکام، جمہوریت کی بقاء اور عوام کیلئے جو قربانیاں دی ہیں وہ ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور وہ اپنے کارکنوں اور چاہنے والوں کے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہیں گی۔ جناب الطاف حسین نے محترمہ بینظیر بھٹو شہید کی دوسری برسی پر صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، محترمہ بینظیر بھٹو شہید کے بچوں بلاول بھٹو زرداری، بختاور بھٹو زرداری، آصفہ بھٹو زرداری، بھٹو خاندان کے تمام افراد اور پیپلز پارٹی کے تمام رہنماؤں اور کارکنوں سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محترمہ بینظیر بھٹو شہید کی مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور تمام سوگواروں کو صبر جمیل عطا کرے۔

## پاپوش نگر کار بم دھماکہ کی اطلاع ملتے ہی ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور منتخب نمائندے جائے وقوعہ اور عباسی اسپتال پہنچ گئے

کراچی۔۔۔26، دسمبر 2009ء

کراچی کے علاقے پاپوش نگر خلافت چوک کے قریب کار میں ہونے والے دھماکے کی اطلاع ملتے ہی متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر صغیر احمد، سلیم تاجک اور حق پرست نمائندوں کے ہمراہ جائے وقوعہ اور عباسی شہید اسپتال پہنچ گئے اور دھماکے میں زخمی ہونے والی خواتین، بچوں اور سرکاری اہلکاروں سمیت تمام زخمی افراد کی عیادت کی اور ان

سے قائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے واقعے کی تفصیلات معلوم کیں۔اس موقع پرحق پرست صوبائی وزیرڈاکٹرمحمدعلی شاہ،صوبائی مشیرخواجہ اظہارالحسن،رکن سندھ اسمبلی ریحان ظفر،ٹاؤن ناظمین اسامہ قادری،ممتازحمیداورایم کیوایم میڈیکل ایڈکمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے فرداًفرداًتمام زخمیوں کے پاس گئے اوران سے واقعے کی تفصیلات معلوم کیں۔انہوں نے ڈیوٹی پرماموڈاکٹرزاورپیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان کوہدایت کی کہ وہ دھماکہ کے تمام زخمیوں کے علاج ومعالجے میں کسی بھی قسم کی کوئی کسرباقی نہ رکھیں۔انہوں نے دھماکے کہ تمام زخمیوں سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلدومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین کارابطہ کمیٹی کے رکن محمدانورکی ہمشیرہ محترمہ شائستہ نجیب کی علالت پراظہارتشویش

## کارکنان وعوام محمدانورکی ہمشیرہ کی صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضوردعا کریں۔الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔26 دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن محمدانورکی ہمشیرہ محترمہ شائستہ نجیب کی علالت پرگہری تشویش کا اظہارکرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ محترمہ شائستہ نجیب کوصحت کاملہ عطافرمائے۔جناب الطاف حسین نے کارکنوں اورعوام سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ محمدانورکی ہمشیرہ کی صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضوردعا کریں۔محترمہ شائستہ نجیب عارضہ قلب میں مبتلا ہیں اوران دنوں کراچی کے مقامی اسپتال میں زیرعلاج ہیں۔

## دکھی انسانیت کی بےلوث خدمت ایم کیوایم کانصب العین ہے،ڈاکٹرمحمدفاروق ستار

## طب کے شعبہ میں ایم کیوایم میڈیکل ایڈکی خدمات ناقابل فراموش ہیں،جنرل ورکرزاجلاس سے خطاب

## میڈیکل ایڈکمیٹی کی جانب سے نئے سال 2010ء کے خوبصورت کیلنڈرکااجراء

کراچی۔۔۔26،دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرڈاکٹرفاروق ستارنے کہا کہ دکھی انسانیت کی بےلوث خدمت ایم کیوایم کانصب العین ہےاورقائدتحریک الطاف حسین نے شروع دن سے حق پرست منتخب عوامی نمائندوں اورکارکنان کوانسانیت کی خدمت کادرس دیاہے،طب کے شعبہ میں ایم کیوایم میڈیکل ایڈکی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ان خیالات کااظہارڈاکٹرفاروق ستارنے جمعہ کی شب لال قلعہ گراؤنڈعزیزآبادمیں ایم کیوایم میڈیکل ایڈکمیٹی کے جنرل ورکرزاجلاس کے موقع پرخطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پرانہوں نے میڈیکل ایڈکمیٹی کی جانب سے 2010 کے خوبصورت کیلنڈرکااجراءبھی کیا۔جنرل ورکرزاجلاس میں میڈیکل ایڈکمیٹی سے تعلق رکھنے والے ڈاکٹرز،پیرامیڈیکل اسٹاف کےارکان نے شرکت کی۔اجلاس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کےارکان ڈاکٹرصغیراحمد،ڈاکٹرنصرت،ایم کیوایم میڈیکل ایڈکمیٹی کےانچارج اورمرکزی ذمہ داران بھی موجودتھے۔ڈاکٹرفاروق ستارنے کہا کہ ایم کیوایم کےمیڈیکل ایڈکمیٹی کےڈاکٹرز،پیرامیڈیکل اسٹاف اوررضا کاروں نے مشکل کی گھڑی میں بےبس اورمجبورانسانوں کی بےلوث خدمت کی ہے وہ سب کےسامنے ہیں اورقدرتی آفات طوفانی بارشیں،زلزلے،خشک سالی قحط اوروبائی امراض دیگرایام مصائب میں متاثرین کوطبی خدمات فراہم کی اورموسم کی پرواکیےبغیردوردرازعلاقوں اوربلندپہاڑوں پرکئی کئی ماہ قیام کرکےمتاثرین کوطبی سہولیات اورادویات فراہم کیں۔انہوں نے کہا کہ میڈیکل ایڈکمیٹی کےڈاکٹرز،پیرامیڈیکل اسٹاف اوررضا کاروں نے قائدتحریک الطاف حسین کی آوازپرلبیک کہا۔علاوہ ازیں رابطہ کمیٹی کے دپٹی کنونیرڈاکٹرفاروق ستارنے میڈیکل ایڈکمیٹی کی جانب سے سال نو کے خوبصورت کیلنڈرکااجراءبھی کیا۔

## ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹرکے بزرگ کارکن عبدالکریم خان کے انتقال پرالطاف حسین کااظہارافسوس

لندن۔۔۔26،دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پی آئی بی کالونی سیکٹرکے بزرگ کارکن عبدالکریم خان کے انتقال پرگہرے رنج وغم کااظہارکیاہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے انہیں صبرکی تلقین کی اورکہا کہ میں اورایم کیوایم کے تمام کارکنان عبدالکریم کےانتقال پرآپ کےغم میں برابرکےشریک ہیں۔جناب لطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کوجنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل دے۔(آمین)

## فرقہ واریت کے خاتمے اور اتحاد بین المسلمین کے فروغ کیلئے قائد تحریک الطاف حسین کی عملی کاوشیں قابل تعریف ہیں، علمائے کرام

## صوبائی وزیر عبدالحسیب کی شاہ تراب الحق، حسن ظفر نقوی، حاجی حنیف طیب اور حافظ محمد سلفی سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں

## ایم کیو ایم کی جانب سے محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ اور قیام امن کیلئے علمائے کرام سے ملاقات

کراچی۔۔۔26، دسمبر 2009ء

محرم الحرام میں قیام امن، مذہبی رواداری کے فروغ اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیو ایم کی جانب سے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں حق پرست صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب نے معروف عالم دین اہلسنت والجماعت کے امیر شاہ تراب الحق، شیعہ عالم حسن ظفر نقوی، نظام مصطفیٰ پارٹی کے سربراہ حاجی حنیف طیب اور غرباء الحدیث سندھ کے امیر حافظ محمد سلفی سے ملاقات کی اور انہیں قائد تحریک الطاف حسین کا خصوصی پیغام پہنچایا۔ علمائے کرام نے ملک بھر بالخصوص سندھ سے فرقہ واریت کے خاتمے اور اتحاد بین المسلمین کے پرچار کیلئے قائد تحریک الطاف حسین کی عملی کاوشوں کی تعریف کی اور کہا کہ ایم کیو ایم نے مذہبی رواداری کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ احترام انسانیت کا بھی پیغام عام کیا ہے۔ عبدالحسیب نے کہا کہ علمائے کرام نے مذہبی ہم آہنگی برقرار رکھنے میں ہمیشہ اہم کردار ادا کیا ہے۔ ملاقات میں ملک سے دہشت گردی کے خاتمے، قیام امن، فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارگی کے فروغ، اتحاد بین المسلمین کے قیام اور قائد تحریک الطاف حسین کی درازی عمر کیلئے دعائیں کیں۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی علماء کمیٹی کے انچارج وجمشید ٹاؤن کے حق پرست ناظم جاوید احمد اور دیگر ارکان بھی موجود تھے۔

## ایم کیو ایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے کارکن لیاقت علی شاہ سمیت ٹارگٹ کلنگ کے واقعات میں

## ایم کیو ایم کے کارکنان کے قتل میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے، حق پرست اراکین قومی اسمبلی

## لینڈ مافیا اور منشیات فروش جرائم پیشہ افراد شہر کا امن تباہ کرنے کیلئے ایم کیو ایم کے کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنارہے ہیں

کراچی۔۔۔26، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیو ایم کے کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کا سلسلہ فی الفور بند کرایا جائے اور اس میں ملوث عناصر کو گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے، انہوں نے کراچی علاقے بلدیہ ٹاؤن میں منشیات فروش اور لینڈ مافیا کی جانب سے فائرنگ کر کے ایم کیو ایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے سرگرم کارکن لیاقت علی شاہ کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی اور اسے شہر کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش قرار دیا۔ اپنے مشترکہ بیان میں حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے کہا کہ گزشتہ ڈیڑھ ماہ کے دوران ایم کیو ایم کے 11 کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر بے دردی سے قتل کر چکا ہے اور قتل کی وارداتوں میں منشیات فروش اور لینڈ مافیا کے دہشت گرد ملوث ہیں تاہم آج تک کسی ایک دہشت گرد کو گرفتار نہیں کیا جاسکا جس سے پرامن عوام میں گہری تشویش پائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کے کارکنان کے قتل کے مسلسل واقعات اس بات کا ثبوت ہیں کہ بعض عناصر شہر کا امن خراب کرنے کی سازش کررہے ہیں تاکہ امن وامان کو جواز بنا کر مذموم مقاصد حاصل کیے جاسکیں۔ انہوں نے کہا کہ قتل وغارتگری اور دہشت گردی سے نہ تو ایم کیو ایم کے پرعزم کارکنان کے حوصلے پست کئے جاسکتے ہیں اور نہ ہی ایم کیو ایم کو حق پرستی کی جدوجہد سے باز رکھا جاسکتا ہے۔ ایم کیو ایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے کارکن لیاقت علی شاہ کے بہیمانہ قتل کا فوری نوٹس لیا جائے اور قتل کی واردات میں ملوث قاتلوں اور ان کے سرپرستوں کو فی الفور گرفتار کر کے سخت ترین سزا دی جائے۔ اراکین قومی اسمبلی نے لیاقت علی شاہ کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیو ایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔26، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 56 کے بزرگ کارکن عبدالکریم خان، ایم کیو ایم ٹنڈو الہ یار زون یونٹ B-4 کے کارکن خالد آفتاب کی والدہ ماہ بانو اور ایم کیو ایم گلستان جوہر سیکٹر یونٹ A کے کمیٹی کے رکن حسیب اطہر کے والد اطہر سعید کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وافسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔26، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 56 کے بزرگ کارکن عبدالکریم خان، ایم کیوایم ٹنڈوالہ یارزون یونٹ B-4 کے کارکن خالد آفتاب کی والدہ ماہ بانو اورایم کیوایم گلستان جوہر سیکٹر یونٹ A کے کمیٹی کے رکن حسیب اطہر کے والد اطہر سعید کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وافسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔( آمین )

## کیٹی بندر کے قریب بس حادثے میں ایک خاندان کے 7 افراد سمیت متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر الطاف حسین کا افسوس

لندن۔۔۔26، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کیٹی بندر کے قریب بس کے خوفناک حادثے میں ایک خاندان کے 7 افراد سمیت متعدد افراد کے جاں بحق وزخمی ہونے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حادثے سے متاثرہ خاندان سمیت تمام مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وافسوس کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ میں اورایم کیوایم کا ایک ایک کارکن آپ کے غم میں شریک ہیں اور المناک حادثے پر سوگوار ہیں۔ جناب لطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔ جناب الطاف حسین نے بس حادثے کے زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے بھی نیک خواہشات کا اظہار کیا اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ۔

## پی ٹی وی کے پروڈیوسر مختار انصاری کی والدہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔26، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان ٹیلی ویژن کے پروڈیوسر مختار انصاری کی والدہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وافسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔( آمین ) دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے بھی پی ٹی وی کے پروڈیوسر مختار انصاری کی والدہ کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا اور ٹیلی فون پر مختار انصاری سے اپنی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے تعزیت کی اور مرحومہ کی مغفرت، بلند درجات اور سوگواران کے صبر کیلئے دعا کی۔اس موقع پر مختار انصاری نے رابطہ کمیٹی کے ارکان سے گفتگو کرتے ہوئے قائد تحریک الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا شکریہ ادا کیا۔

## مقامی انگریزی اخبار کے سینئر رپورٹر حبیب خان غوری کی ہمشیرہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی اور شعبہ اطلاعات کی تعزیت

کراچی ۔۔۔26، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مقامی انگریزی اخبار کے سینئر رپورٹر حبیب خان غوری کی ہمشیرہ ناہید طلعت کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے حبیب خان غوری سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وافسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔( آمین ) دریں اثناء ایم کیوایم شعبہ اطلاعات کے ذمہ داران نے بھی سینئر صحافی حبیب خان غوری سے ان کی ہمشیرہ کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے اور مرحومہ کی مغفرت، ان کے بلند درجات اور سوگواران کے صبر جمیل کیلئے دعا کی ہے۔

## میرپورخاص پریس کلب کے سابق صدر سعید احمد قائم خانی کے صاحبزادے محمد عمر قائم خانی کے انتقال پر ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔26 دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے میرپورخاص پریس کلب کے سابق صدر سعید احمد قائم خانی کے جواں سال صاحبزادے محمد عمر قائم خانی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں رابطہ کمیٹی نے سعید احمد قائم خانی اورانکے تمام اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عمر قائم خانی مرحوم کی مغفرت فرمائے، مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اورلواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

☆☆☆☆☆